ٹاون میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

<u>پریس ریلیز</u>

تنخواہوں کی جلد ادائیگی میں نیو کراچی ٹاؤن کی سابقہ سبقت برقرار

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف، میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ کی مشترکہ کاوشوں سے ماہ اکتوبر کی تنخواہوں کی ادائیگی کر دی گئی۔

ملازمین کی فلاح و بہبود کے ساتھ تنخواہوں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

ملازمین ہمارے دست بازوں ہیں انہیں معاشی طور پر مضبوط کر رہے ہیں۔چیئرمین محمد یوسف

حاضر ملازمین کے سابقہ بقایا جات کی ادائیگی کے لئے بھی حکمت عملی مرتب کر لی گئی ہے۔چیئرمین محمد یوسف

مورخہ: 31/ اکتوبر 2024ء

کراچی ( ) تنخواہوں کی جلد ادائیگی میں نیو کراچی ٹاؤن کی سابقہ سبقت برقرار۔منتخب بلدیاتی نمائندوں اور میونسپل کمشنر ایاز حمید اللہ بلوچ کی مشترکہ کاوشوں سے ماہ اکتوبر کی تنخواہوں کی ادائیگی کر دی گئی۔تنخواہوں کی جلد ادائیگی پر نیو کراچی ٹاؤن کے ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ان خیالات کا اظہار چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے ملازمین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی میں ملازمین کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے بجٹ میں بڑھائی گئی تنخواہوں کی ادائیگی کر رہے ہیں۔الحمدللہ ہم نے ماہ نومبر میں ادا کی جانے والی ملازمین و افسران کی تنخواہیں 30 اکتوبر کو ہی جمع کرادی تھیں،منتخب بلدیاتی نمائندے نیو کراچی ٹاؤن کے ملازمین کے ساتھ ساتھ اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کے لیے فلاو بہبود کے کام کر رہے ہیں۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے مزید کہا کہ مسیحی ملازمین کا بھی ماہ نومبر کے شروع میں مرحومین کی عید کا تہوار ہے جس کے لئے مسیحی قبرستانوں میں صفائی ستھرائی کا عمل جاری ہے۔واضح رہے کہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں کو جس دن سے اختیارات ملے ہیں وہ عوام کی فلاح و بہبود کے ساتھ نیو کراچی ٹاؤن کے افسران و ملازمین کی بہتری کے لئے بھی اقدامات کر رہے ہیں۔اس موقع پر افسران و ملازمین نے چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن، وائس چیئرمین اور میونسپل کمشنر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین اس مہنگائی میں معاشی مشکلات سے دوچار ہیں ان حالات میں تنخواہوں کی بروقت ادائیگی ہماری مشکلات میں آسانی پیدا کرنے کے مترادف ہے۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن